پریس ریلیز

شوکت خانم میموریل ٹرسٹ اور خیبر پختونخواہ کے چار میڈیکل ٹیچنگ انسٹیٹیوٹس میں باہمی تعاون کا معاہدہ۔
ٹرسٹ کی جانب سے ٹیچنگ انسٹیٹیوٹس کو پانچ سال قبل عطیہ کیے گئے انفارمیشن سسٹم کے لیے تین سال تک بلا معاوضہ سپورٹ سروس فراہم کی جائے گی۔

شوکت خانم میموریل ٹرسٹ کی جانب سے خیبر پختونخواہ کے چار میڈیکل ٹیچنگ انسٹی ٹیوٹس کو ہسپتال مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کی سپورٹ سروس فراہم کی جائے گی۔ اس سلسلے میں باہمی تعاون کے معاہدے کی ایک تقریب شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال اور ریسرچ سنٹر، پشاور میں منعقد کی گئی جس میں چیف میڈیکل آفیسر شوکت خانم ہسپتال ڈاکٹر محمد عاصم یوسف، ایوب ٹیچنگ ہسپتال، حیات آباد میڈیکل کمپلیکس، خیبر ٹیچنگ ہسپتال اور لیڈی ریڈنگ ہسپتال کی انتظامیہ نے شرکت کی۔

شوکت خانم میموریل ٹرسٹ کی جانب سے تیار کردہ یہ سافٹ ویئر ایپلیکیشن "HOPe" مریضوں کی اعلیٰ ترین دیکھ بھال کو ممکن بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ یہ ہوسپٹل انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم نہایت جامع اور موثر ہے جو کہ ہسپتال کے طبی، انتظامی اور مالی شعبوں کے کام کرنے میں معاونت کے ساتھ مریض کی بیماری اور علاج کے حوالے سے مستند معلومات فراہم کرنے کا اہم ذریعہ ہے۔

سال 2016 سے ان چار ٹیچنگ ہسپتالوں کے پاس یہ سافٹ ویئر استعمال کرنے کا مستقل لائسنس موجود ہے۔ واضح رہے کہ عطیہ کے وقت پانچ کروڑ سے ساڑھے سات کروڑ تک کی مالیت کا یہ ہوسپٹل مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم شوکت خانم میموریل ٹرسٹ کی جانب سے جذبہ خیر سگالی کے تحت بلا معاوضہ فراہم کیا گیا تھا۔ حال ہی میں ان ٹیچنگ ہسپتالوں کی جانب سے شوکت خانم میموریل ٹرسٹ کو اس سافٹ ویئر کی سپورٹ سروس فراہم کرنے کی درخواست کی گئی جس کے بعد ٹرسٹ کی جانب سے مفادِ عامہ کے لیے اس سافٹ ویئر کی سپورٹ سروس تین سال کے لیے بلا معاوضہ فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

ان چار ٹیچنگ ہسپتالوں کے علاوہ اسی سافٹ ویئر کی پشاور انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی سمیت دیگر ٹیچنگ ہسپتالوں میں فراہمی کا منصوبہ بھی زیرِ غور ہے۔ اس سلسلے میں شوکت خانم میموریل ٹرسٹ کی جانب سے خیبر پختونخواہ انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے مقرر کردہ افراد کو اس سافٹ کے بارے میں مکمل ٹریننگ فراہم کرنے کی پیشکش کی گئی ہے۔ بلاشبہ یہ منصوبہ خیبر پختونخواہ کے دیگر سرکاری ہسپتالوں میں بھی مریضوں کو اعلیٰ ترین خدمات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

اس موقع پر شوکت خانم ہسپتال کے سی ای او ڈاکٹر محمد عاصم یوسف نے کہا کہ صحت کی معیاری خدمات کا حصول ہر مریض کا حق ہے اور یہ معاونت اس سلسلے میں بہترین نتائج فراہم کرے گی۔ شوکت خانم میموریل ٹرسٹ کی جانب سے ان تمام خدمات کی بلا معاوضہ فراہمی، ملک بھر میں ہیلتھ کیئر کا معیار بڑھانے کے ہمارے عزم کا ثبوت ہے۔ باہمی تعاون کے ان معاہدوں پر شوکت خانم ہسپتال کے سی ای او ڈاکٹر محمد عاصم یوسف، ڈاکٹر عمر فاروق، ڈین ایوب ٹیچنگ ہسپتال، ڈاکٹر شہزاد فیصل، ہسپتال ڈائریکٹر حیات آباد میڈیکل کمپلیکس، ڈاکٹر ندیم خاور، چیئرمین بورڈ آف گورنرز، خیبر ٹیچنگ ہسپتال اور ڈاکٹر محمد ابرار خان ہسپتال ڈائریکٹر لیڈی ریڈنگ ہسپتال نے دستخط کیے۔